تمام طلبہ کے لیے عزت واحترام کا قانون

اگر ہراسانی، دھونس جمانے کا عمل، اور / یا امتیازی سلوک اسکول میں، اسکول کے گراؤنڈز میں، یا اسکول کے گراؤنڈز سے دور کسی اسکولی تقریب/ سرگرمی کے دوران ہو رہا ہے تو NYS کا قانون ہر ایک ڈسٹرکٹ سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ متعلقہ شخص (اشخاص) کے لیے کوئی پالیسی اور ضابطہ تیار رکھے تاکہ وہ دھونس جمانے کے عمل کی اطلاع دے سکیں، جیسا کہ ذیل میں درج ہے:

- ہراسانی، دھونس جمانے کے عمل، اور امتیازی سلوک کی رپورٹیں موصول کرنے کے لیے انتظامیہ کی طرف سے نامزد شخص کا تعین کریں (مثلاً DASA کوارڈینیٹر)؛
- طلبہ، کنبہ کے افراد، اور دیگر لوگوں کو اسکول کے اہلکار کے یہاں کوئی زبانی یا تحریری رپورٹ دینے کا اختیار دیں؛
- اسکول کے ملازمین سے تقاضا کریں کہ وہ ہراسانی، دھونس، یا امتیازی سلوک کی کوئی رپورٹ دیکھنے یا موصول کرنے کے بعد ایک اسکولی دن کے اندر کسی منتظم یا نامزد شخص کو مطلع کریں (مثال کے طور پر DASA کوارڈینیٹر)، اور اس طرح کی زبانی رپورٹ / اطلاع کے بعد زیادہ سے زیادہ دو دنوں کے اندر ایک تحریری رپورٹ فائل کریں؛
- منتظمین یا کسی نامزد شخص (مثال کے طور پر DASA کوارڈینیٹر) سے مطالبہ کریں کہ وہ ہراسانی، دھونس اور امتیازی سلوک کی تمام رپورٹوں کی مکمل تفتیش کرائیں جسے کسی بھی تحریری رپورٹ کے موصول ہونے کے بعد فوراً مکمل کیا جاتا ہے اور [DASA کے واقعہ کی اطلاع دینے کے فارم کے حصّہ 2] میں ریکارڈ کیا جاتا ہے؛
- ہراسانی، دھونس، اور /یا امتیازی سلوک کی تصدیق کے بعد، اسکول سے فوری ایسی کارروائی (کارروائیاں) کرنے کا مطالبہ کریں جو کہ ہراسانی، دھونس اور امتیازی سلوک کو ختم کرنے، کسی جارحانہ ماحول کے خاتمہ، اس عمل کے دوبارہ پیش آنے کی روک تھام نیز اس طالب علم (ان طلبہ) کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے خوب سوچا سمجھا ہو جس کے خلاف ہراسانی، دھونس یا امتیازی سلوک کا ارتکاب کیا گیا تھا؛
- کسی بھی ایسے شخص کے خلاف انتقامی کارروائی سے منع کریں جو کہ ہراسانی، دھونس، یا امتیازی سلوک کی رپورٹ کرتا ہے یا اس کی تفتیش میں مدد کرتا ہے۔
- ہراسانی، دھونس اور امتیازی سلوک کی روک تھام کے لیے اسکول کا ایک لائحہ عمل وضع کریں؛
- اسکول کے سربراہان سے مطالبہ کریں کہ ہراسانی، دھونس، اور امتیازی سلوک سے وابستہ ڈیٹا اور رجحان سے متعلق سپرنٹنڈینٹ کو باقاعدہ رپورٹ دیں؛
- اسکول کے منتظمین یا نامزد شخص (اشخاص) سے تقاضا کریں کہ وہ فوراً مقامی طور پر قانون کو نافذ کرنے والے اہلکار کو ہراسانی، دھونس اور / یا امتیازی سلوک کی اطلاع دیں جب کبھی ایسا کرنا ناگزیر ہو؛
- مطالبہ کریں کہ اسکول کے تمام ملازمین، طلبہ اور والدین ڈسٹرکٹ کی پالیسیوں کی ایک نقل موصول کریں، جن میں ہراسانی، دھونس، اور امتیازی سلوک کی اطلاع کا طریق کار شامل ہے، کم از کم سالانہ؛
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ ڈسٹرکٹ کی پالیسیوں اور ضابطوں کا ایک موجودہ نسخہ، جس میں واقعہ کا رپورٹ فارم شامل ہے، ڈسٹرکٹ کی ویب سائٹ پر موجود رہے۔

برائے مہربانی اسکول/ ڈسٹرکٹ آفس سے رابطہ کریں اور ان ضابطوں کی تعمیل کریں جو کہ ڈسٹرکٹ اور اسکول نے ایسے واقعات کی اطلاع کے لیے وضع کیے ہیں جو کہ اسکول / ڈسٹرکٹ کے گراؤنڈز میں پیش آتے ہیں۔